**پریس ریلیز 31 مئی 2022**

گجرات چیمبر آف کامرس میں سمال میڈیم انٹر پرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے تعاون سے انٹر پرینیور، سمال بزنس سٹارٹ اپ اینڈ مینجمنٹ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں معصوم قمر، ایگزیکٹو ممبر گجرات چیمبر، حاجی اسلم جاوید چیئرمین آئی ٹی اینڈ موبائلز کمیٹی گجرات چیمبر، چوہدری رخسار احمد آر بی سی سمیڈا اور یونیورسٹی اور لاہور سے طالبعلموں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

طاہر چوہدری ٹریز سمیڈا نے حاضرین کو انٹر پرینیور، سمال بزنس سٹارٹ اپ اینڈ مینجمنٹ کے موضوع پر ٹریننگ دی۔ انہوں نے سیشن کے شرکاء کو انٹر پرینیور کی تفصیلی تعریف بتائی۔ انہوں نے حاضرین کو ایسے 20 عوامل بھی بتائے جن کی وجہ سے ایک نیا کاروبار نقصان کا شکار ہوتا ہے اور ختم کرنا پڑتا ہے اور ان کی تفصیلی وضاحت بھی بیان کی۔ انہوں نے حاضرین کو ایک کامیاب انٹر رینیور کی خصوصیات بھی بتائیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے حاضرین کو نیا کاروبار کرنے کے طریقے اور ایسے بہت سے کاروبار بتائے جن کو شروع کرنے کے لیے بہت کم سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

معصوم قمر ایگزیکٹو ممبر نے سیشن کے اختتام پر میٹنگ کے شرکاء اور طاہر چوہدری ٹریز کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج کا یہ سیشن کافی سیر حاصل تھا۔ ہمارے یہاں لوگ خاندانی کاروبار کے ایسے ہی لے کر چلتے ہیں جیسے ان کے اباؤ اجداد نے شروع کیا تھا لیکن اگر وہ اپنے کاروبار میں وقت کے ساتھ ساتھ جدت لائیں گے تو وہ ترقی کی نئی منزلوں کو چھو سکتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آج یہاں جو سکھایا گیا سب لوگ اس پر عمل کر کے اپنے کاروبار اور کاروبار کے طریقوں میں ضرور تبدیلی لائیں گے۔ آخر میں سیشن کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیئے گئے۔